نقد و نظر

ماہ نامہ میثاق (اشاعتِ خصوصی)

مدیر مسئول : ڈاکٹر اسرار احمد

ملنے کا پتہ : مرکزی دفتر انجمن خدام القرآن - افغانی روڈ، سمن آباد - لاہور،

صفحات : ۲۰۰، قیمت اشاعتِ خاص چھ روپے (سالانہ چندہ پندرہ روپے)

ڈاکٹر اسرار احمد، حلقۂ اہلِ علم کی مشہور شخصیت ہیں۔ وہ کئی سال سے اپنے انداز سے قرآن مجید کی خدمت میں مصروف ہیں، اسی کو انھوں نے مستقل طور سے اپنی زندگی کا مقصد قرار دے لیا ہے اور ماہ نامہ "میثاق" کو جو کئی سال سے ان کی ادارت میں شائع ہو رہا ہے، اس کے لیے وقف کر دیا ہے۔

اس وقت "میثاق" کی خصوصی اشاعت پیش نگاہ ہے جو تیسری سالانہ قرآن کانفرنس (منعقدہ ۲۱، ۲۲، ۲۳ مارچ ۱۹۷۶) کی کاروائی اور اس کے بعض مقالات پر مشتمل ہے۔ یہ مقالے قرآنِ مجید سے متعلق مختلف گوشوں کی نشان دہی کرتے ہیں۔ اس میں شائع شدہ مقالات میں سے پروفیسر یوسف سلیم چشتی کا مقالہ "مسلمانوں کے قرآن حکیم سے بُعد و بیگانگی کے اسباب" ڈاکٹر ذوالفقار علی ملک کا "قرآنِ مجید کی معجزانہ تاثیر"، مولانا محمد مالک کا "اعجازِ قرآن" مولانا سید حامد میاں کا "فضیلتِ قرآن"، ڈاکٹر محمد مظہر بقا کا "شاہ ولی اللہ دہلوی اور علومِ قرآن"، مولانا محمد طاسین کا "قرآن اور تصورِ ملکیت"، خواجہ غلام صادق کا مقالہ "اقبال اور وجودِ مصدقہ" اور جناب خالد اسحاق کا "ہر فرد ہے ملت کے مقدر کا ستارا" لائقِ مطالعہ اور معلومات افزا ہیں اصحابِ علم کو ان سے استفادہ کرنا چاہیے۔ (م - ل - ب)